سوال

(91)عورت کی چادر کا ناپاک ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کی پردے کی چادر اگر گھسٹتے ہوئے پلید ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے پردے کی لمبی چادر کا پلو گھسٹتے ہوئے اگر نجاست پر سے گزرتا ہے، تو اس کا حکم موزوں کا سا ہے، یعنی اگر اس نجس کی جگہ کے بعد وہ خشک اور پاک جگہ سے گزرتی ہے، تو اس طرح وہ موزے یا چادر پاک ہوجائیں گے، یہی قول قوی ہے۔[1]

---

[1] بشرطیکہ اس نجاست سے کپڑا گیلا نہ ہوا ہو اور خشک جگہ پر سے گزرتے ہوئے وہ نجاست اچھی طرح زائل ہوگئی ہو۔ (مترجم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 145

محدث فتویٰ